# اُردو برائے کے جی

## (رہنما برائے اساتذہ)

## الباقیو انٹرنیشنل

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | حروف تہجی کا تعارف اور لکھائی | | | وقت درکار | 120 منٹ |

## (پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو حروف تہجی کی شناخت کروانا
- طلبہ کو حروف تہجی لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب۔

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو خوش آمدید کہنے کے بعد ان سے ان کے خاندان کے متعلق سوالات پوچھے گی مثلاً:

آپ کے گھر میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟

آپ اپنے خاندان کے ساتھ کیسے رہتے ہیں؟

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ وہ حروف تہجی کے خاندان کے متعلق کیا جانتے ہیں؟
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ حروف تہجی کے خاندان کے افراد کے نام سنائیں۔
- معلّمہ مختلف طلبہ سے مختلف حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے پہلے پیریڈ میں کاپی پر "ا" تا "ش" حروف تہجی لکھوائے گی جبکہ دوسرے پیریڈ میں "ص" سے "ے" تک حروف تہجی لکھوائے گی۔ معلّمہ اس بات کا خیال رکھے گی کہ طلبہ صفائی سے کام کریں۔
- معلّمہ طلبہ سے کتاب کا صفحہ 2+3 مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو ’معاون استاذ‘ کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کاپی میں ا تا ے حروف لکھیں۔

## اختتام

طلبہ اب پ کا گیت گائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے.جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | حروف تہجی کی چھوٹی اشکال کا تعارف | | | وقت درکار | 80منٹ |

**(پیریڈ درکار 2)**

## مقاصد

- طلبہ کو حروف تہجی کی چھوٹی اشکال کی پہچان کروانا
- طلبہ کو حروف تہجی کی چھوٹی اشکال لکھنے کے قابل بنانا
- طلبہ کو حرف کے بعد اور پہلے آنے والے حروف لکھنے کے قابل بنانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ سے ا۔ب۔پ کا گیت گانے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ کیا ان کے چھوٹے بہن بھائی ہیں۔
- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ کیا حروف تہجی کی چھوٹی اشکال ہوتی ھیں۔
- معلّمہ تختہ تحریر پر حروف اور ان کی چھوٹی اشکال متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ کتاب کے صفحہ 1 کی بلند خوانی کروائے۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف حروف کی چھوٹی اشکال لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ کاپی میں حروف کی چھوٹی اشکال لکھیں۔
- تحریری کام کے دوران معلّمہ مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔
- معلّمہ مختلف حروف تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے ان سے پہلے اور بعد میں آنے والے حروف لکھوائے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے صفائی سے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو ’’معاون استاد‘‘ کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کتاب کا صفحہ 5+4 مکمل کریں۔

## اختتام

معلّمہ مختلف چھوٹی اشکال تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے ان کے نام پوچھے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | بھاری آوازیں+ نوشرارتی حروف + مصوتوں کا تعارف | | | وقت درکار | 160 منٹ |

**(پیریڈ درکار 4)**

## مقاصد

- طلبہ کو بھاری آواز والے الفاظ کا تعارف کروانا۔
- طلبہ کو نوشرارتی حروف اور مصوتوں کی شناخت کروانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ چند بھاری آوازوں والے الفاظ اور چند دیگر حروف تہجی لکھ کر طلبہ سے ان کے درمیان فرق بیان کرنے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ یہ مرکب حروف ہیں اور ان کی آوازیں بھاری ہیں۔
- معلّمہ کتاب کے صفحہ 6 کی بلند خوانی مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ کیا وہ شرارتیں کرتے ہیں۔
- معلّمہ طلبہ کو سمجھائے گی کہ ہمیں اپنی شرارتوں سے دوسروں کو پریشان نہیں کرنا چاہیے۔
- معلّمہ کتاب کا صفحہ 7 متعارف کروائے گی اور طلبہ سے مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے اپنی آوازیں بدلنے کو کہے گی۔
- معلّمہ صفحہ 8 متعارف کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ بلند خوانی

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 8+7+6 کی بلند خوانی کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے صفحات پڑھنے کو کہے گی۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | "ا" کی ارکان سازی | | | وقت درکار | 120 منٹ |

## (پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو الفاظ سازی سکھانا

## امدادی اشیا

تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف حروف تہجی تختۂ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی اگر حروف تہجی دوسرے حروف تہجی سے مل جائیں تو کیا ان کی اشکال بدل جاتی ہیں۔
- معلّمہ طلبہ سے مختلف چھوٹی اشکال تختۂ تحریر پر لکھوا کر انھیں اسے جوڑنے کو کہے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 11+10+9 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ حروف تہجی کو ''ا'' سے ملا کر صفائی سے کاپی پر لکھیں۔
- معلّمہ تحریری کام کے دوران مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو ''معاون استاد'' کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ 12 مکمل کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے با، پا، تا کا گیت گانے کو کہے گی۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | "ا" کے تین حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200 منٹ |

(پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو سہ حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے باتا یا الفاظ تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 13+14 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف سہ حرفی الفاظ لکھوائے گی مثلاً باپ، بات، باڑ، بال، تار، تاج، دال، داغ، رات، سات، لات، یار وغیرہ
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 14+13 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے کاپیوں پر سہ حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی مدد کرے گی کہ وہ لفظ کے توڑ پہچان سکیں۔
- معلّمہ صفحہ 15 متعارف کروا کر مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 16 مکمل کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | "ا" کے چار حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200 منٹ |

## (پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو چار حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے 'ا' کے دو اور تین حرفی الفاظ لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 18+17 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف چار حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 18+17 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 19 کا پہلا سوال تختہ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے الفاظ کے توڑ لکھوائے گی۔
- معلّمہ صفحہ 20 کا دوسرا سوال متعارف کروا کے توڑ کے جوڑ لکھوائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 20+19 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 21 کی بلند خوانی کروانے کے بعد طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 18+17 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | حروف تہجی کو ''و'' سے ملانا | | | وقت درکار | 80منٹ |

**(پیریڈ درکار 2)**

## مقاصد

- طلبہ کو الفاظ سازی سکھانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی اگر حروف تہجی دوسرے حروف تہجی سے مل جائیں تو کیا ان کی اشکال بدل جاتی ھیں۔
- معلّمہ صفحہ 22+23+24 متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے مختلف چھوٹی اشکال تختہ تحریر پر لکھوا کر انھیں ''و'' سے جوڑنے کو کہے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ حروف تہجی کو ''و'' سے ملا کر صفائی سے کاپی پر لکھیں۔
- معلّمہ تحریری کام کے دوران مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو ''معاون استاذ'' کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کتاب کے صفحہ نمبر 24+23+22 کی بلند خوانی کریں اور صفحہ 25 مکمل کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے بو، پو، تو کا گیت گانے کو کہے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | "و" کے تین حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200 منٹ |

## (پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو سہ حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے بوتا یوا الفاظ تختۂ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 27+26 کی بلند خوانی کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختۂ تحریر پر مختلف سہ حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 28+27+26 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے کاپیوں پر سہ حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی مدد کرے گی کہ وہ لفظ کے توڑ پہچان سکیں۔
- معلّمہ صفحہ 29 متعارف کروا کر مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختۂ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 26 تا 29 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے.جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | "و" کے چار حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200 منٹ |

(پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو چار حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختۂ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے 'و' کے دو اور تین حرفی الفاظ لکھوائے گی۔

## طریقۂ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 32+31+30 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختۂ تحریر پر مختلف چار حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 32+31+30 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 33 کا دوسرا سوال تختۂ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے الفاظ کے توڑ لکھوائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 33 کی بلند خوانی کروانے کے بعد طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ 34 کی مدد سے 'و' کی اقسام متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 35 تختۂ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختۂ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 26 تا 35 تک پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | حروف تہجی کو ''ی'' سے ملانا | | | وقت درکار | 120 منٹ |

(پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو الفاظ سازی سکھانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی اگر حروف تہجی ''ی'' سے مل جائیں تو کیا ان کی اشکال بدل جاتی ہیں۔
- معلّمہ کتاب کا صفحہ 38+37+36 متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے مختلف چھوٹی اشکال تختہ تحریر پر لکھوا کر انھیں ''ی'' سے جوڑنے کو کہے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ حروف تہجی کو ''ی'' سے ملا کر صفائی سے کاپی پر لکھیں۔
- معلّمہ تحریری کام کے دوران مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو 'معاون استاذ' کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کتاب کا صفحہ 38+37+36 پڑھیں اور صفحہ 39 مکمل کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے بی، پی، تی کا گیت گانے کو کہے۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | "ی" کے تین اور چار حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200 منٹ |

## (پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو تین اور چار حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے 'ی' کے دو حرفی الفاظ لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 40 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف چار حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 40 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 41 کا دوسرا سوال تختہ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے الفاظ کے توڑ لکھوائے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 41 کی بلند خوانی کروانے کے بعد طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ تختہ تحریر پر 'ی' کے چار حرفی الفاظ کے توڑ متعارف کروا کر طلبہ سے صفحہ 42 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ 43 کی مدد سے 'ی' کی اقسام متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھ کر 'ی' کی درمیانی شکل متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 44 اور 45 کی بلند خوانی کروا کر مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ مختلف الفاظ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ کو 'ا' کو 'ی' سے بدل کر نئے الفاظ بنانا سکھائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 47+46 مکمل کریں گے۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 40 تا 47 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | حروف تہجی کو "ے" سے ملانا | | | وقت درکار | 120 منٹ |

**(پیریڈ درکار 3)**

## مقاصد

- طلبہ کو الفاظ سازی سکھانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی اگر حروف تہجی "ے" سے مل جائیں تو کیا ان کی اشکال بدل جاتی ہیں۔
- معلّمہ کتاب کا صفحہ 48+49+50 متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے مختلف چھوٹی اشکال تختہ تحریر پر لکھوا کر انھیں "ے" سے جوڑنے کو کہے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ حروف تہجی کو "ے" سے ملا کر صفائی سے کاپی پر لکھیں۔
- معلّمہ تحریری کام کے دوران مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو "معاون استاذ" کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کتاب کے صفحہ نمبر 49+49+50 کی بلند خوانی کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے بے، پے، تے کا گیت گانے کو کہے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | "ے" کے تین اور چار حرفی الفاظ | | | وقت درکار | 200منٹ |

**(پیریڈ درکار5)**

## مقاصد

- طلبہ کو تین اور چار حرفی الفاظ سازی سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے 'ے' کے دو حرفی الفاظ لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 52+51 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف چار حرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 52+51 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ مختلف توڑ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے الفاظ بنوائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 53 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 54 کا پہلا سوال تختہ تحریر پر متعارف کروا کر طلبہ سے الفاظ کے توڑ لکھوائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 54 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھ کر 'ے' کی درمیانی شکل متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 55 کی بلند خوانی کروا کر مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ مختلف الفاظ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ کو 'ا' کو 'ے' سے بدل کر نئے الفاظ بنانا سکھائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 58+57+56 مکمل کریں گے۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 51 تا 58 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | زبر، زیر اور پیش کا استعمال | | | وقت درکار | 200 منٹ |

**(پیریڈ درکار 5)**

## مقاصد

- طلبہ کو زبر، زیر اور پیش کے استعمال سے آگاہی دینا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ سے حروف تہجی تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ حرف کو متحرک کرنے کے لیے زبر، زیر اور پیش کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- معلّمہ طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 65+64+63+62+61+60+59 اور ایک ایک کر کے انہیں مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کو حروف تہجی لکھ کر اوپر زبر، نیچے زیر اور اوپر پیش لگانے کو کہے گی۔

## سرگرمی

طلبہ تختہ تحریر پر لکھے حروف پر زبر، زیر اور پیش لگائیں گے۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 59 تا 65 کی بلند خوانی کریں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو صفحہ نمبر 59 تا 64 پڑھ کر سنائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | شد، ہمزہ | | | وقت درکار | 120 منٹ |

(پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو شد اور ہمزہ کے استعمال سے آگاہی دینا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو کچھ الفاظ بتا کر ان کے توڑ لکھنے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن کو دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے کیونکہ ان پر تشدید آتی ہے۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ نمبر 70+69+68+67+66 کی بلند خوانی کرو کے اشد اور ہمزہ کا تعارف کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ پڑھائی

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 71 مکمل کریں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو صفحہ نمبر 66 تا 70 پڑھ کر سنائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | ہم آواز الفاظ | | | وقت درکار | 120 منٹ |

## (پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو ہم آواز الفاظ بنانے کے قابل بنانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ چند الفاظ بولے گی جن کی آخری آواز ایک جیسی ہوگی اور طلبہ سے پوچھے گی کہ ان الفاظ میں کیا چیز ملتی جلتی ہے۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن کی آخری آواز ایک جیسی ہوتی ہے انھیں ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 72 تختہ تحریر متعارف کروا کر طلبہ سے پڑھنے کو کہے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 72 مکمل کریں گے۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ پڑھائی

## گھر کا کام

کاپی پر ہم آواز الفاظ لکھنے کی مشق کریں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو لفظ دے کر ہم آواز لفظ بتانے کو کہیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | یہ، وہ، ہے، اور ہیں کا استعمال | | | وقت درکار | 120 منٹ |

## (پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو یہ، وہ، ہے اور ہیں کا استعمال سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ چند اشیا کی جانب اشارہ کر کے طلبہ سے پوچھے گی کہ یہ کیا ہے، وہ کیا ہیں۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ 'یہ' قریب کی چیز کی طرف اور 'وہ' دور کی چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 73 تختہ تحریر متعارف کروا کر طلبہ سے پڑھنے کو کہے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 73 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ 'ہے' ایک چیز کے لیے اور 'ہیں' ایک سے زیادہ اشیا یا لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 74 متعارف کروا کر طلبہ سے مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ پڑھائی

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 74+73 پڑھیں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو 'یہ'، 'و'، 'ہے' اور 'ہیں' کے جملے بنا کر سنائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | 'میں'اور'ہوں' | | | وقت درکار | 120منٹ |

(پیریڈ درکار3)

## مقاصد

- طلبہ کو'میں'اور'ہوں' کا استعمال سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو اپنے بارے میں بتائے گی اور'میں'اور'ہوں' کا استعمال کرے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ 'ہوں'ہمیشہ'میں' کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 75 تختہ تحریر متعارف کروا کر طلبہ سے پڑھنے کو کہے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 75 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 76 متعارف کروا کر طلبہ سے مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ پڑھائی

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 76+75 پڑھیں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو'میں'اور'ہوں' کا استعمال بتائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | دوچشمی حروف کا مصوتوں سے ملاپ | | | وقت درکار | 120 منٹ |

(پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو دوچشمی حروف مصوتوں سے ملا کر پڑھنا اور لکھنا سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف بھاری الفاظ تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی اگر دوچشمی حروف مصوتوں سے مل جائیں تو کیا ہوگا۔
- معلّمہ کتاب کا صفحہ 77 متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ دوچشمی حروف کو مصوتوں سے ملا کر صفحہ نمبر 77 اور کاپی پر لکھیں۔
- معلّمہ تحریری کام کے دوران مسلسل طلبہ کی رہنمائی کرے گی۔

## سرگرمی

سب سے پہلے کام مکمل کرنے والے طالب علم کو ''معاون استاذ'' کا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

کتاب کے صفحہ نمبر 77 کی بلند خوانی کریں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے بے، پے، تے کا گیت گانے کو کہے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | دوچشمی حروف کے الفاظ | | | وقت درکار | 200منٹ |

(پیریڈ درکار 5)

## مقاصد

- طلبہ کو دوچشمی حروف کے دوحرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنانا سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ سے مختلف دوچشمی حروف اور اُن کے ارکان تختہ تحریر پر لکھوائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 78 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف دوحرفی الفاظ لکھوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 78 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ مختلف توڑ تختہ تحریر پر لکھ کر طلبہ سے الفاظ بنوائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ نمبر 79 کی بلند خوانی کروائے گی۔
- طلبہ صفحہ نمبر 79 مکمل کریں گے۔
- معلّمہ مختلف الفاظ تختہ تحریر متعارف کروا کے طلبہ سے اُن کے توڑ لکھوائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 78 تا 79 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | کا، کی ، کے اور کو کا استعمال | | | وقت درکار | 200 منٹ |

**(پیریڈ درکار 5)**

## مقاصد

- طلبہ کو کا، کی ، کے اور کو کا استعمال سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ مختلف جملے بچوں کے سامنے بولے گی جن میں کا، کی ، کے، کو کا استعمال ہو گا۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 80 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے تختہ تحریر پر مختلف جملے لکھ کر طلبہ کو کا، کی، کے کا استعمال سمجھائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 80 مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 80 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | میری، میرا اور آپ کا استعمال | | | وقت درکار | 80 منٹ |

(پیریڈ درکار 2)

## مقاصد

- طلبہ کو میری، میرا اور آپ کا استعمال سکھانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ کے سامنے مختلف جملے بولے گی جن سے میری، میرا اور آپ کا استعمال واضح ہوگا۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتاب کے صفحہ 82 کی بلند خوانی کروائی گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ 82 مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کو مختلف الفاظ دے کر میری، میرا اور آپ کا استعمال کرنے کو کہے گی۔

## سرگرمی

معلّمہ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ان کے مابین تختہ تحریر پر الفاظ سازی کا مقابلہ کروائے گی۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 82 پڑھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کے لیے محنت کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | واحد جمع | | | وقت درکار | 80 - 70منٹ |

## (پیریڈ درکار 4)

## مقاصد

- طلبہ کو واحد جمع کے تصور سے آ گاہی دینا اور انہیں واحد کو جمع میں تبدیل کرنے کے قابل بنانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

معلّمہ طلبہ کے سامنے مختلف الفاظ بولے گی مثلاً لڑکا، لڑکے، بکرا، بکرے، باجا اور باجے اور طلبہ کو ان کے درمیان فرق بتانے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ ایک چیز کو واحد جبکہ ایک سے زیادہ اشیا کو جمع کہتے ہیں۔
- معلّمہ تختہ تحریر پر لڑکا، باجا اور تارا لکھ کر طلبہ سے ان کے جمع لکھنے کو کہے گی۔
- معلّمہ طلبہ کو صفحہ نمبر 83 کی بلند خوانی کی دعوت دے گی۔ معلّمہ طلبہ سے صفحہ 84 مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ ایک دوسرے کو صفحہ نمبر 83 پڑھ کر سنائیں گے۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 84+83 کی بلند خوانی کریں نیز کاپی پر واحد کے جمع لکھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنی لکھائی بہتر بنانے کی کوشش کریں اور گھر میں لکھنے کی مشق کیا کریں۔

معلّمہ طلبہ کو واحد لفظ بتائے گی طلبہ اس کی جمع بتائیں گے۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | گنتی | | | وقت درکار | 80 - 70منٹ |

(پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو اُردو میں گنتی سکھانا
- طلبہ کو ایک تا دس تک گنتی لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیاء

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈ

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کے سامنے مختلف اشیا رکھ کر انھیں گننے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ تختہ تحریر پر مختلف اشیا بنا کر طلبہ سے گننے کو کہے گی۔
- معلّمہ اشیا کے سامنے ان کی تعداد لکھے گی۔
- معلّمہ طلبہ کو صفحہ نمبر 86+85 کی بلند خوانی کرنے اور انھیں مکمل کرنے کی دعوت دے گی۔

## سرگرمی

طلبہ کاپیوں میں گنتی لکھیں گے

## جانچ

معلّمہ فلیش کارڈ پر گنتی لکھ کر طلبہ کے درمیان تقسیم کرے گی۔ طلبہ ترتیب سے کارڈز تختہ تحریر پر چسپاں کریں گے۔

## گھر کا کام

کاپی میں گنتی لکھیں۔

## اختتام

معلّمہ ایک دوسرے کو گنتی سنائیں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | الفاظ/متضاد | | | وقت درکار | 160 منٹ |

(پیریڈ درکار 4)

## مقاصد

- طلبہ کو الفاظ کے متضاد بنانا سکھانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، تصاویر

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو ایک بڑی اور ایک چھوٹی کتاب دکھا کر ان کے درمیان فرق بیان کرنے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ بڑا اور چھوٹا ایک دوسرے سے مختلف اور ایک دوسرے کے الٹ ہیں۔
- معلّمہ طلبہ سے دن، خالی، اندر، گرم، ہلکا وغیرہ کے الٹ یا متضاد الفاظ پوچھے گی اور تختہ تحریر پر لکھے گی۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 87-88-89-90 کی بلند خوانی کروائے گی۔
- طلبہ ایک ایک کر کے کتاب کے صفحات پر کام کریں۔

## سرگرمی

طلبہ الفاظ متضاد کاپی پر لکھیں گے۔

## جانچ

بذریعہ سوالات مثلاً گرم کا الٹ کیا ہے؟ اندر کا متضاد کیا ہے؟

## گھر کا کام

کاپی میں الفاظ کے متضاد لکھیں

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے سے الفاظ کے متضاد پوچھیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | مذکر مونث | | | وقت درکار | 120 منٹ |

**(پیریڈ درکار 3)**

## مقاصد

- طلبہ کو مذکر مونث کی شناخت کروانا

## امدادی اشیاء

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، تصاویر

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو لڑکے اور لڑکی کی تصاویر دکھا کر فرق بیان کرنے کو کہے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ لڑکی مونث اور لڑکا مذکر ہے۔
- معلّمہ طلبہ سے مونث اور مذکر کی مثالیں پوچھے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ نمبر 92+91 کی بلند خوانی کروائے گی۔
- طلبہ صفحہ 92+91 پر کام کریں گے۔

## سرگرمی

طلبہ ایک دوسرے کے کام کی جانچ کریں گے۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام

## گھر کا کام

صفحہ نمبر 92+91 پڑھیں اور کاپی میں مذکر مونث لکھیں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے سے مذکر کے مونث پوچھیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | رنگوں کے نام | | | وقت درکار | 120 منٹ |

(پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو مختلف رنگوں کی شناخت کروانا
- طلبہ کو رنگوں کے نام پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈز

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو کمرہ جماعت میں موجود مختلف اشیا کے رنگوں کے نام بتانے کو کہے گی

## طریقہ تدریس

- معلّمہ فلیش کارڈز تختہ تحریر پر چسپاں کر کے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ تصاویر میں دی گئی اشیا کے رنگوں کے نام بتائیں اور تختہ تحریر پر لکھنے کی کوشش کریں۔
- معلّمہ طلبہ کی اصلاح کرے گی اور طلبہ سے صفحہ نمبر 94+93 کی بلند خوانی کروانے کے بعد انھیں مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ کاپیوں میں مختلف تصاویر بنا کر رنگ بھریں گے اور رنگوں کے نام لکھیں گے۔

## جانچ

بذریعہ سرگرمی

## گھر کا کام

کاپی میں رنگوں کے نام لکھیں۔

## اختتام

طلبہ ایک دوسرے کو صفحہ نمبر 94+93 پڑھ کر سنائیں گے۔

| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
|---|---|---|---|---|---|
| عنوان | پھلوں، سبزیوں کے نام | | | وقت درکار | 200 منٹ |

**(پیریڈ درکار 5)**

## مقاصد

- طلبہ کو پھلوں اور سبزیوں کے نام پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈز

## آغاز

- معلّمہ طلبہ سے ان کی پسندیدہ کھانے پینے کی اشیا کے متعلق پوچھے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے ان کے پسندیدہ پھلوں کے نام پوچھ کر تختہ تحریر پر لکھے گی۔
- معلّمہ مختلف سبزیوں کے فلیش کارڈز دکھا کر طلبہ سے ان کے نام پوچھے گی اور تختہ تحریر پر لکھے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے سبزیوں کے نام کاپی پر لکھوائے گی۔
- معلّمہ مختلف سبزیوں کے نام تختہ تحریر پر لکھ کر متعارف کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ کاپی میں پھل بنائیں اور ان کے نام لکھیں۔
- معلّمہ ایک ایک کر کے کتاب کا صفحہ 91 تا 100 متعارف کروائے گی۔ بلند خوانی پر توجہ دینے کے بعد معلّمہ طلبہ سے یہ صفحات مکمل کروائے گی

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں صفحہ نمبر 91 تا 100 کی بلند خوانی کریں گے۔

## جانچ

بذریعہ تحریری کام + بلند خوانی

## گھر کا کام

5 پھلوں اور 5 سبزیوں کے نام کاپی پر لکھیں۔

## اختتام

طلبہ سبزیوں اور پھلوں کی کردار سازی کریں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | میرا تعارف | | | وقت درکار | 320 منٹ |

**(پیریڈ درکار 8)**

## مقاصد

- طلبہ کو اپنا تعارف کروانے کے قابل بنانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کے سامنے اپنا تعارف پیش کرے گی اور اُن کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنا تعارف پیش کریں۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ صفحہ نمبر 100 کی بلند خوانی پر توجہ دے گی اور طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنا کام اپنے ساتھی کو پڑھ کر سنائیں۔

## جانچ

بذریعہ بلند خوانی

## گھر کا کام

اپنی کاپی میں اپنے بارے میں لکھیں۔

## اختتام

طلبہ معلّمہ کو پیراگراف پڑھ کر سنائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | جانوروں اور پرندوں کے نام | | | وقت درکار | 120 منٹ |

## (پیریڈ درکار 3)

## مقاصد

- طلبہ کو جانوروں اور پرندوں کے نام پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب، فلیش کارڈز

## آغاز

- معلّمہ طلبہ سے ان کے پسندیدہ پرندوں اور جانوروں کے نام پوچھے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ وہ جانوروں اور پرندوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔
- معلّمہ طلبہ کو بتائے گی کہ اڑنے اور انڈہ دینے والی مخلوق کو پرندہ اور جانور پیدا کرنے والی مخلوق کو جانور کہتے ہیں۔
- معلّمہ طلبہ سے صفحہ نمبر 102+101 کی بلند خوانی کروائے گی اور صفحات ان سے مکمل کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں کاپی میں جانوروں اور پرندوں کے نام لکھیں گے۔

## جانچ

بذریعہ بندخوانی +تحریری کام

## گھر کا کام

کاپی میں جانوروں اور پرندوں کے نام لکھیں

## اختتام

معلّمہ طلبہ کو فلیش کارڈز دکھا کر پوچھے گی کہ یہ جانور ہے یا پرندہ؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | تفہیم | | | وقت درکار | 320 منٹ |

**(پیریڈ درکار 8)**

## مقاصد

- طلبہ کو تفہیم کرنے کے قابل بنانا۔

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو کسی جانور کی تصویر دکھا کر اُس کے متعلق بتائے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ صفحہ نمبر 103 کی بلند خوانی پر توجہ دے گی اور طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ صفحہ 104 متعارف کروا کر طلبہ سے مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ اپنا کام اپنے ساتھی کو پڑھ کر سنائیں۔

## جانچ

بذریعہ بلند خوانی

## گھر کا کام

اپنی کاپی میں اپنے پسندیدہ جانور کے متعلق چند جملے لکھیں۔

## اختتام

طلبہ معلّمہ کو پیراگراف پڑھ کر سنائیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | دنوں کے نام | | | وقت درکار | 160 منٹ |

**(پیریڈ درکار 4)**

## مقاصد

- طلبہ کو ہفتے کے دنوں سے آ گاہی کرنا
- طلبہ کو ہفتے کے دنوں کے نام پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ کو خوش آمدید کہنے کے بعد ان سے پوچھے گی کہ انھیں چھٹی کب ہوتی ہے نیز وہ کس دن نہا دھو کر دوپہر میں مسجد میں نماز پڑھنے جاتے ہیں؟

## طریقہ تدریس

- معلّمہ طلبہ سے پوچھے گی کہ کیا انھیں ہفتے کے دنوں کے نام آتے ہیں؟
- معلّمہ تختہ تحریر پر ہفتے کے دنوں کے نام متعارف کروا کے ان کی شناخت کے عمل کو ممکن بنائے گی۔
- معلّمہ کتاب کا صفحہ 105 اور 106 تختہ تحریر پر متعارف کروائے۔طلبہ سے مکمل کروائے گی بعد ازاں طلبہ کتاب پر یہ صفحات مکمل کریں۔
- معلّمہ طلبہ سے کاپی پر ہفتے کے دنوں کے نام لکھوائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ ایک دوسرے کو ہفتے کے دنوں کے نام سنائیں گے۔

## جانچ

بذریعہ بلند خوانی

## گھر کا کام

کاپی میں ہفتے کے دنوں کے نام لکھیں۔

## اختتام

معلّمہ طلبہ سے کتاب کھول کر ہفتے کے دنوں کے نام پڑھوائے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | کے جی | مضمون | اردو | سبق نمبر | |
| عنوان | پیراگراف | | | وقت درکار | 320منٹ |

## (پیریڈ درکار 8)

## مقاصد

- طلبہ کو پیراگراف کی بلند خوانی کرنے اور انھیں مکمل کرنے کے قابل بنانا

## امدادی اشیا

تختہ تحریر، مارکر، ڈسٹر، کتاب

## آغاز

- معلّمہ طلبہ سے ان کے اسکول کے متعلق پوچھے گی۔

## طریقہ تدریس

- معلّمہ کتب کھلوا کر طلبہ کو سمجھائے گی کہ جب ایک ہی چیز یا شخص کے بارے میں مختلف سطریں لکھی گئی ہوں تو اسے پیراگراف کہتے ہیں۔
- معلّمہ صفحہ نمبر 107 کی بلند خوانی پر توجہ دے گی اور طلبہ سے یہ صفحہ مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ طلبہ سے ان کی امی سے متعلق بات چیت کرے گی اور انھیں اپنی امی کا خیال رکھنے کی تلقین کرے گی۔
- صفحہ 108 کی بلند خوانی کروا کے معلّمہ اس صفحے کو مکمل کروائے گی۔
- معلّمہ باری باری کتاب میں دیے گئے باقی کے عنوانات بھی متعارف کروائے گی اور ہر موضوع کی کاپی پر مشق بھی کروائے گی۔

## سرگرمی

طلبہ جوڑی کی شکل میں بلند خوانی کریں گے

## جانچ

بذریعہ بلند خوانی

## گھر کا کام

طلبہ 107 پر دیے گئے سوالات کے جوابات کاپی پر لکھیں۔

طلبہ کاپی پر اپنی امی، اپنے گھر، بارش کے موسم اور اپنے پسندیدہ کھیل سے متعلق چند جملے لکھیں۔

## اختتام

طلبہ معلّمہ کو پیراگراف پڑھ کر سنائیں گے۔